پاکستان اور ہانگ کانگ پہلی مرتبہ ٹی ٹونٹی کرکٹ میں مدمقابل ہوں گے

دبئی، یکم ستمبر 2022ء:

پاکستان کل بروز جمعہ کو اے سی سی ٹی ٹونٹی ایشیا کپ کے آخری گروپ میچ میں ہانگ کانگ کے مدمقابل آئے گا. یہ پہلا موقع ہوگا کہ جب دونوں ٹیموں کرکٹ کے اس محدود ترین فارمیٹ میں مدمقابل آئیں گی.

پاکستان پراعتماد ہے کہ وہ دو ستمبر کو شارجہ کے میدان میں حریف ٹیم کو شکست دے کر ٹورنامنٹ کے سپر فور مرحلے کا حصہ بن جائے گا.

ٹی ٹونٹی کرکٹ کی عالمی رینکنگ میں ابتدائی دو پوزیشنز پر براجمان بیٹرز بابر اعظم اور محمد رضوان پاکستان کی جانب سے میچ میں اوپننگ کریں گے.

ہانگ کانگ کو بدھ کے روز بھارت سے شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا. بھارت کی ٹیم اپنے پہلے گروپ میچ میں پاکستان کو بھی شکست دے چکی ہے.

فخر زمان:

فخر زمان کا کہنا ہے کہ بھارت کے خلاف میچ آخری اوور تک جانے سے کیمپ کا مورال بلند ہے. تمام کھلاڑی پراعتماد ہیں کہ وہ آئندہ میچز میں مزید بہتر کرکٹ کھیلنے کی کوشش کریں گے.

انہوں نے کہا کہ ٹی ٹونٹی کرکٹ کا محدود ترین فارمیٹ ہے جہاں دونوں ٹیموں کے پاس یکساں مواقع ہوتے ہیں. پاکستان کی کوشش ہے کہ ؤہ آئندہ میچز میں غلطیوں کو دہرانے کی بجائے بہتر کھیل کا مظاہرہ کرے.

انہوں نے کہا کہ ہانگ کانگ کی ٹیم نے حال ہی میں کوالیفائنگ راؤنڈ میں بہترین کرکٹ کھیلی ہے. وہ اس ٹیم کے خلاف منیجمنٹ کی جانب سے بنائی گئی حکمت عملی پر پورا اترنے کی کوشش کریں گے.

فخر زمان نے کہا کہ بلاشبہ متحدہ عرب امارات کا موسم گرم ہے تاہم تمام کھلاڑیوں کو خود کو ہائیڈریٹڈ رکھنے کی ہر ممکن کوشش کرتے ہیں